Session 24th
No 247
Date 27/4/2017
Department Finance

تحریک التواء

جناب سپیکر صاحب

اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک اہم مسئلے خیبر بینک میں کرپشن کے حوالے سے صوبائی حکومت کی بنائی گئی انکوائری کمیٹی کی رپورٹ، خیبر بینک کی چار سالہ کارکردگی اور غیر قانونی بھرتیوں کے حوالے سے بات کرنے کی اجازت دی جائے خیبر بینک ہمارے صوبے کے آمدن کا مستقل ذریعہ اور قیمتی اثاثہ ہے لیکن بدقسمتی سے صوبے کے اس بڑے قومی اثاثے کے جائزہ رپورٹ کے مطابق ہر سال آمدن میں کمی جبکہ سال 2016ء میں گیارہ کروڑ نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ صوبائی حکومت کی انکوائری رپورٹ ابھی تک اسمبلی فلور پر پیش نہیں ہوسکی جبکہ وزیراعلی صاحب نے اسمبلی فلور پر انکوائری رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔

جناب سپیکر صاحب ایک اندازے کے مطابق 2018ء کے آخر میں خیبر بینک تین ارب کے نقصان تک پہنچ جائے گا۔ جبکہ پرائیویٹ شیئر ہولڈرز سالانہ کروڑوں روپیہ آمدن کمانے سے مستفید ہورہے ہیں۔ وزیراعلی کے بار بار تحریری شکل میں سیکرٹری فنانس کو ہدایات کے باوجود خیبر بینک میں بھرتیوں کے حوالے انکوائری کا حکم دیتا رہا ہے لیکن محکمہ خزانہ کے سیکرٹری ابھی تک انکوائری نہیں کرسکے۔

27.04.17

27/4/2017